**08.04.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...........شگفتہ یاسمین

**Music**

..........................................................................

☆ حکومت نے اِس سال خریف سیزن کیلئے فاسفورس اور پوٹاشیم والی کھاد کیلئے 41 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی تغذیے پر مبنی سبسڈی کو منظوری دے دی ہے۔

☆ آسام، کیرالم اور پدوچیری میں کل نئی قانون ساز اسمبلیوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت LPG، پیٹرول، ڈیزل، کھاد اور کوئلے کی معقول سپلائی کو یقینی بنارہی ہے۔

☆ بھارت نے امریکہ - ایران جنگ بندی معاہدے کا خیرمقدم کیا ہے۔ اس نے بات چیت اور سفارتکاری پر پھر زور دیا ہے۔

☆ امریکہ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کمرشیل جہاز رانی کیلئے کھلنے والا ہے۔ اُس نے تہران کو ہتھیار سپلائی کرنے والے ممالک پر 50 فیصد محصول عائد کرنے کا انتباہ دیا ہے۔

☆ امریکہ - ایران جنگ بندی کے بعد بازار میں اچھال آیا ہے۔ Sensex میں تقریباً تین ہزار پوائنٹس اور Nifty میں 874 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، ایشیائی چمپئن شپ میں پی وی سندھو، ایچ ایس پرونائے اور آیوش شیٹی بھی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

..........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## CABINET DECISIONS

حکومت نے آج خریف سیزن 2026 کیلئے فارسفورس اور پوٹاشیم والی کھاد پر تغذیے پر مبنی سبسڈی کو منظوری دے دی ہے۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے نئی دلّی میں میڈیا بریفنگ میں مرکزی کابینہ کے فیصلوں کے بارے میں اعلان کیا۔

کابینہ نے راجستھان میں پرہلاد پورہ سے Todi Mod تک جے پور میٹرو کے دوسرے مرحلے کو بھی اپنی منظوری دے دی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ 41 کلومیٹر طویل اِس پروجیکٹ میں 36 اسٹیشن ہوں گے اور اِس پر 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی CCEA نے HPCL راجستھان ریفائنری لمیٹڈ پروجیکٹ کی لاگت میں نظرِ ثانی کو بھی منظوری دے دی ہے اور اِسے 43 ہزار 129 کروڑ روپے سے بڑھا کر 79 ہزار 459 کروڑ روپے کردیا ہے۔ CCEA نے اروناچل پردیش میں Kamala پن بجلی پروجیکٹ کی تعمیر کیلئے 26 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کو بھی منظوری دی ہے۔x

## ASSEMBLY POLLS

آسام، کیرالم اور مرکز کے زیر انتظام علاقے پدوچیری میں کل ہونے والے اسمبلی انتخابات کی پولنگ کیلئے تمام انتظامات کر لیے گئے ہیں۔ آسام میں سبھی 126 اسمبلی سیٹوں، کیرالم میں 140 اور پڈوچیری میں 30 سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ آزادانہ، منصفانہ اور پُرامن ووٹنگ کو یقینی بنانے کیلئے سخت سکیورٹی اور انتظامی اقدامات کیے گئے ہیں۔

اِس دوران تمل ناڈو میں واحد مرحلے اور مغربی بنگال میں پہلے مرحلے کی ووٹنگ کیلئے کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ مغربی بنگال میں دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی جمع کرانے کا کل آخری دن ہے۔
کیرالم میں کل صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک ووٹ ڈالے جائیں گے۔

پیش ہے تھروانتھا پورم سے ہمارے نامہ نگار کی رپورٹ......

**VC Smithy**

کیرالم میں سبھی 140 حلقوں کیلئے کُل 883 امیدوار میدان میں ہیں۔ ریاست میں دو کروڑ 71 لاکھ رائے دہندگان ہیں، ووٹنگ کیلئے 30 ہزار 495 پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں، جن میں سے 2 ہزار 40 کی حساس مراکز کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے۔ پوری ریاست میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔

تقریباً 76 ہزار اہلکار اورمرکزی فورسز کی 160 کمپنیاں تعینات کی گئی ہیں۔ پوری ریاست میں شراب پر پابندی نافذ کی گئی ہے، جو پولنگ مکمل ہونے تک لاگو رہے گی۔ پولنگ سے متعلق ساز و سامان کی تقسیم کا عمل، آج صبح سے شروع ہوگیا۔ پرائیویٹ مراکز میں بھی ملازمین کو تنخواہ کے ساتھ چھٹی کی سہولت دی گئی ہے تاکہ سبھی اہل ووٹر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں۔

تھروونتھا پورم سے Smithy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان۔

پڈوچیری میں کل صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مرکز کے زیر انتظام چار خطوں پڈوچیری، کرائیکل، ماہے اور یانَم پر مشتمل علاقے میں کُل 9 لاکھ 50 ہزار 639 رائے دہندگان ہیں۔ اِن میں سے 24 ہزار 919 ووٹر پہلی مرتبہ اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے، جبکہ کُل 294 امیدوار میدان میں ہیں۔

پیش ہے اس سلسلے میں مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

**VC Bibin S Nath**

پڈوچیری میں کُل ایک ہزار 99 پولنگ مراکز میں سے 209 کی حساس مراکز کے طور پر اور پانچ کی اہم مراکز کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے۔ اِن مراکز پر پُرامن پولنگ کو یقینی بنانے کیلئے مائیکرو مشاہدین کے ساتھ ساتھ اضافی مرکزی مسلح پولیس فورسز تعینات کی گئی ہیں۔ کرائیکل کے مختلف سرکاری اسکولوں میں خصوصی موضوع پر مبنی پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں جہاں پڈوچیری کی ثقافت اور ورثے کی عکاسی کی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ مکمل طور پر خواتین پر مبنی Pink پولنگ مراکز، نوجوانوں کے ذریعے انتظام والے 15 پولنگ مراکز اور معذور افراد کے ذریعے مکمل طور پر انتظام والے دو پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ اِس کے ساتھ ہی دو ہزار 198 طلباء رضاکار پولنگ مراکز پر ووٹروں کی مدد کیلئے موجود ہوں گے۔

سبھی پولنگ مراکز پر ویب کاسٹنگ کی سہولت سے آراستہ ہیں۔

پڈوچیری سے Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان۔

**BJP DELEGATION ECI**

BJP اور TMC کے ایک وفد نے مغربی بنگال میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر اپنی تشویش سے آگاہ کرانے کیلئے آج علیحدہ علیحدہ انتخابی کمیشن سے ملاقات کی۔ پارٹی لیڈر اور مرکزی وزیر ڈاکٹر وریندر کمار کی قیادت میں BJP کے وفد نے ریاست میں امن و قانون کی صورتحال کے سلسلے میں انتخابی پینل سے ملاقات کی۔

اِس سے قبل دن میں ترنمول کانگریس کے وفد نے بھی انتخابی کمیشن سے ملاقات کی اور کمیشن کو ایک میمورنڈم پیش کیا۔ میٹنگ کے بعد انتخابی پینل نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر یقین دہانی کرائی کہ مغربی بنگال میں ووٹنگ بغیر کسی خطرے، تشدد اور ڈرائے دھمکائے جانے کے آزادانہ اور منصفانہ ہوگی۔x

**RAJNATH GoM MEETING**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج نئی دلی میں مغربی ایشیا کی صورتحال سے متعلق وزراء نے گروپ کی تیسری میٹنگ کی صدارت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ حکومت ملک میں لازمی اشیاء کی فراہمی اور کسانوں کے لئے LPG، پٹرول اور ڈیزل کی مسلسل دستیابی کو یقینی بنا رہی ہے۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ حکومت اس بحران کے اثرات سے شہریوں کو محفوظ رکھنے کیلئے غیر معمولی کام کر رہی ہے۔x

**DELHI GOVT LPG INITIATIVE**

دلّی حکومت، مائیگرنٹ مزدوروں کیلئے LPG تک رسائی میں سہولت پیدا کرنے کی خاطر ایک خصوصی رابطہ پہل کا آغاز کرے گی۔ حکومت نے کہا ہے کہ تیل کی مارکیٹنگ کمپنیوں کے ساتھ تال میل خصوصی کیمپس کا انعقاد کیا جائے گا، جن کا مقصد اہل مائیگرنٹ ورکروں کیلئے پانچ کلوگرام فری ٹریڈ LPG سلنڈر تک رسائی میں سہولت پیدا کرنا ہے۔ حکومت نے کہا ہے کہ اِس پہل کا مقصد ہر کسی تک اِن کی دستیابی کے نظام کو مستحکم کرنا، رسائی میں بہتری لانا اور دلّی میں مائیگرنٹ ورکروں کیلئے کھانا پکانے کے لازمی ایندھن کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔x

**JAISHANKAR BANGLADESH DELEGATION**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج دوپہر نئی دلی میں بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ خلیل الرحمٰن سے ملاقات کی اور بنگلہ دیشی وفد کی میزبانی کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ ملاقات کے دوران انھوں نے دونوں ملکوں کے درمیان مختلف شعبوں میں دو طرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے تبادلۂ خیال کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ دونوں فریقوں نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال کیا اور قریبی رابطے میں رہنے سے اتفاق کیا۔x

## INTER MINISTERIAL BRIEFING

بھارت نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کا خیر مقدم کیا ہے۔ مغربی ایشیا میں حالیہ واقعات پر نئی دلّی میں بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت امید کرتا ہے کہ اس پیش رفت سے مغربی ایشیا میں دیرپا امن قائم ہوگا اور آبنائے ہرمز کے ذریعے تجارت، آمد و رفت اور navigation میں کوئی رکاوٹ نہیں آئے گی۔

کوئلے کی وزارت میں جوائنٹ سیکریٹری سنجو کمار Kassi نے کہا کہ ملک میں کانوں اور بجلی کے پلانٹوں میں کوئلے کا وافر ذخیرہ دستیاب ہے۔ انھوں نے کہا کہ کوئلے کی قیمت میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے اور 'مغربی ایشیا کشیدگی' کے تناظر میں کوئلے کے خاطر خواہ ذخیرے کا بندوبست ہے۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سیکریٹری محترمہ سجاتا شرما نے کہا کہ LPG، پیٹرول اور ڈیزل پورے ملک میں خاطر خواہ مقدار میں دستیاب ہیں اور سپلائی معمول کے مطابق برقرار ہے۔

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کی وزارت میں ایڈیشنل سیکریٹری مکیش منگل نے کہا کہ پورے ملک میں بندرگاہوں پر کام کاج اور آمد و رفت معمول کے مطابق ہے اور کسی طرح کی بھیڑ بھاڑ کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔x

## US HORMUZ

امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے فریم ورک کے تحت ایران کے ذریعے آبنائے ہرمز سے جہازوں کو بحفاظت گزرنے کی اجازت دینے پر رضا مندی ہونے کے بعد آبنائے ہرمز تجارتی جہاز رانی کیلئے دوبارہ کھولے جانے کیلئے تیار ہے۔

امریکہ اور ایران کے درمیان صلح کی پائیداری سے متعلق امریکہ کے جنگی امور کے سیکریٹری Pete Hegseth نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ جنگ بندی برقرار رہے گی اور مزید سفارتی پیش رفت کیلئے ایک ضروری موقع فراہم کرے گی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انتباہ دیا ہے کہ اگر کوئی ملک ایران کو ہتھیار سپلائی کرے گا تو اس کے ذریعے امریکہ کو کی جانے والی سبھی برآمدات پر 50 فیصد محصول لاگو کیا جائے گا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ یہ پالیسی فوری طور سے نافذ ہوگی اور اس سے کسی کو بھی مستثنیٰ نہیں رکھا جائے گا۔

اس سے پہلے ٹرمپ نے دعویٰ کیا تھا کہ معاہدے کے حصے کے طور پر ایران نے یورینیم افزودگی کے اپنے پروگرام کو روکنے پر اتفاق کیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محصول میں اہم کٹوتی اور بندشوں میں نرمی کیے جانے سے

متعلق بات چیت جاری ہے۔ امریکی صدر نے اعلان کیا کہ انہوں نے ایران پر فوجی حملوں کو دو ہفتے تک کیلئے معطل کر دیا ہے۔ انہوں نے اس قدم کو تہران کی آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولے جانے سے متعلق رضامندی اور ایک وسیع تر امن معاہدے کی طرف جاری مذاکرات سے منسلک کیا ہے۔ x

**STOCKS CLOSE**

گھریلو حصص بازار میں آج تقریباً چار فیصد کا اضافہ ہوا۔ امریکہ اور ایران کے درمیان دو ہفتے کے جنگ بندی معاہدے کے اعلان کے پیشِ نظر تیل کی عالمی قیمتوں میں گراوٹ کے بعد ایسا ہوا ہے۔ سونے اور چاندی کی قیمتیں بھی بڑھی ہیں۔ Sensex میں دو ہزار 946 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 77 ہزار 563 پر بند ہوا، جبکہ Nifty میں 874 پوائنٹ کا اضافہ ہوا اور یہ 23 ہزار 997 پر بند ہوا۔

بھارتی صرافہ بازار میں 24 کیریٹ سونا ایک اعشاریہ8 فیصد اضافے کے ساتھ ایک لاکھ 53 ہزار 340 روپے فی 10 گرام پر پہنچ گیا، جبکہ چاندی میں چھ اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ فی کلوگرام دو لاکھ 46 ہزار 60 روپے پر پہنچ گئی۔x

**IMD WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل کیلئے آسام اور میگھالیہ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور ژالہ باری ہونے کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل جموں و کشمیر، لداخ، جھارکھنڈ، اڈیشہ، ملک کے شمال مشرقی حصوں، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ بہار، چھتیس گڑھ، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی اس طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ ساحلی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پدو چیری اور کرائیکل میں آئندہ دو دنوں تک گرمی اور حبس والا موسم رہے گا۔x

**BADMINTON ASIAN CHAMPIONSHIP**

بیڈمنٹن میں چین کے Ningbo میں بیڈمنٹن ایشیا چمپئن شپ 2026 میں آج پی وی سندھو، ایچ ایس پرنوئے اور آیوش شیٹی پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ دو مرتبہ اولمپک میڈل جیت چکیں پی وی سندھو نے ایک سخت مقابلے میں ملیشیا کی Wong Ling Ching کو شکست دی۔

مردوں کے سنگلز زمرے میں ایچ ایس پرنوئے نے ویتنام کے Nguyen Hai Dang کو ہرایا۔ آیوش

شیٹی اپنی بہترین کارکردگی کی بدولت چین کے عالمی نمبر 7 کھلاڑی Li Shi Feng کو شکست دے کر پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔x

**IPL**

IPL کرکٹ میں دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں آج ڈیلی کیپٹلس اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان میچ کھیلا جارہا ہے۔ گجرات ٹائٹنس نے ڈیلی کیپٹلس کی جیت کیلئے 211 رَن کا نشانہ رکھا ہے۔
گجرات ٹائٹنس کیلئے شُبھ مَن گِل نے شاندار 70 رَن بنائے۔ Jos Buttler نے 52 رَن اسکور کئے۔
اِس سے قبل ڈیلی کیپٹلس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆